Roll No. | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

مبادیات ہوم اکنامکس ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ہوم اکنامکس پڑھنے سے ہم اپنے ذرائع استعمال کرسکتے ہیں۔
الف۔ غلط طریقے سے ب۔ درست طریقے سے ج۔ کسی بھی طریقے سے د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(ii) ہوم اکنامکس کو بنیادی طور پر درجہ دیا جاتا ہے۔
الف۔ سائنس کا ب۔ تاریخ کا ج۔ آرٹ کا د۔ فلاسفی کا

(iii) ہوم اکنامکس کی تعلیم ایک اچھا شہری بننے میں ثابت ہوتی ہے۔
الف۔ غیر معاون ب۔ معاون ج۔ مناسب د۔ نامناسب

(iv) غذا اور غذائیت اور پارچہ بافی ولباس کا سارا نصاب۔
الف۔ حیاتیاتی ہے ب۔ کیمیائی ہے ج۔ اطلاقی ہے د۔ معاشیاتی ہے

(v) ہوم اکنامکس کا اہم مقصد اور تصوّر۔
الف۔ گھریلو فلاح و بہبود ہے ب۔ شہریت ہے ج۔ توازن ہے د۔ اضافی ضروریات ہے

(vi) ماحولیاتی تعلیم سے مراد معلومات فراہم کرنا ہے۔
الف۔ گھر کے بارے میں ب۔ ماحول کے بارے میں ج۔ ملک کے بارے میں د۔ افراد کے بارے میں

(vii) ہر گھرانے کی خوشی اور کامیاب زندگی کا انحصار ہوتا ہے۔
الف۔ والدین پر ب۔ گھر کے افراد پر ج۔ رشتہ داروں پر د۔ کسی پر بھی نہیں

(viii) خاندان کے افراد ہونے کی حیثیت سے ہمیں کوشش کرنی چاہیے۔
الف۔ خوشی وسکون پیدا کرنے کی ب۔ آرام دہ ماحول کی
ج۔ لوگوں کے سکون کو تباہ کرنے کی د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(ix) اپنے آپ کو سمجھنے کے لیے جائزہ لینا بہت ضروری ہے۔
الف۔ ماحول کا ب۔ اپنی شخصیت کا ج۔ اپنی صحت کا د۔ اپنے افراد خانہ کا

(x) آپ کی زندگی میں بڑی حد تک آپ کی اپنی شخصیت پر ہوتا ہے۔
الف۔ کامیابی کا راز ب۔ ناکامی کا راز ج۔ بیماری کا راز د۔ خوشگوار ماحول کا راز

(xi) آپ ہمیشہ کوشش کریں کہ بہن بھائیوں ____________ دلچسپی لیں۔
الف۔ کے دل پسند مشاغل میں ب۔ کے کھیلوں میں ج۔ کے پڑھنے میں د۔ کے گھومنے پھرنے میں

(xii) آپ کے متعلق جو کی جاتی ہے۔اس کو صبر وسکون سے سنیں۔
الف۔ باتیں ب۔ نکتہ چینی ج۔ تعریفیں د۔ برائیاں

(xiii) گھر کی پریشانیاں محدود رہنی چاہئیں۔
الف۔ باہر تک ب۔ دوسروں تک ج۔ گھر تک ہی د۔ رشتہ داروں تک

(xiv) ماں باپ کے بعد سب سے بلند درجہ۔
الف۔ بہن بھائیوں کا ہوتا ہے ب۔ استاد کا ہوتا ہے ج۔ دوستوں کا ہوتا ہے د۔ ہمسایوں کا ہوتا ہے

(xv) والدین کو بچوں کی پرورش میں خیال رکھنا چاہیے۔
الف۔ جذبات کی تسکین کا ب۔ خواہشات کا ج۔ کھیلوں کا د۔ فیشن کا

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ____

— 1SA 1540(HIC) —

مبادیات ہوم اکنامکس ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ دوم کے بارہ (12) اجزاء اور حصہ سوم میں سے کوئی سے تین (3) سوال حل کریں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر ۲: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے بارہ (12) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں: (12 x 3 = 36)

(i) ہوم اکنامکس کی مختصراً تعریف بیان کریں۔
(ii) ہوم اکنامکس کی تعلیم کا کیا مقصد ہے؟
(iii) ہوم اکنامکس اور معاشیات کا کیا تعلق ہے؟
(iv) ماحولیاتی تعلیم سے کیا مراد ہے؟
(v) ہوم اکنامکس کے مضمون میں کیا سکھایا جاتا ہے؟
(vi) اپنے آپ کو اور دوسرے لوگوں کو سمجھنا کیوں ضروری ہے؟
(vii) ایک سے تین سال تک کی عمر کے بچے کے لیے کس قسم کے کھلونے مناسب رہتے ہیں؟
(viii) بچے کی زندگی میں کھیل کی کیا اہمیت ہے؟
(ix) گھریلو انصرام سے کیا مراد ہے؟
(x) گھریلو انصرام کے کوئی سے تین اصول لکھیں
(xi) مقاصد کی کتنی اقسام ہیں؟ نام لکھیں۔
(xii) ہوم اکنامکس میں آرٹ کی تعریف کریں۔
(xiii) تسلسل کا کیا مطلب ہے؟
(xiv) ڈیزائن کے عناصر کون کون سے ہیں؟ کسی دو کے نام لکھیں۔
(xv) ڈیزائن کی کتنی اقسام ہیں؟
(xvi) آرٹ کے کسی دو بنیادی اصولوں کے نام لکھیں۔
(xvii) خاندانی اقدار سے کیا مراد ہے؟
(xviii) سہیلیوں اور دوسرے لوگوں میں ہر دلعزیز بننے کے لیے کن اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے؟ کوئی سے دو اصول تحریر کریں۔

حصہ سوم (کُل نمبر 24)

(کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔) (3 x 8 = 24)

سوال نمبر ۳: والدین کے ساتھ خوشگوار تعلقات رکھنے کے لیے کن باتوں پر عمل کرنا ضروری ہے؟

سوال نمبر ۴: لڑکیوں کے لیے ہوم اکنامکس کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر ۵: فرنیچر کا انتخاب کرتے ہوئے آپ کن باتوں کا خیال رکھیں گی؟

سوال نمبر ۶: روزمرہ زندگی میں ڈیزائن کے استعمال پر نوٹ تحریر کریں۔